118116-گھر میں میت کی تصویر محفوظ کرنا

سوال

سوال : گھر میں میت کی تصویر لٹکانا کیا حرام ہے ؟ اور کیا فوت شدگان کی تصاویر جمع کرنا، اور انہیں محفوظ کرنا حرام یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

گھروں میں یا کسی اور جگہ ذی روح اشیاء کی تصاویر آویزاں کرنا جائز نہیں ہے، چاہے
یہ ذی روح اشیاء ابھی زندہ ہوں یا مر چکی ہوں، تصاویر لگانے کا مقصد یاد دہانی ہو
یا کچھ اور؛ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا تھا :
(کسی بھی تصویر کو مٹائے بغیر مت چھوڑنا، اور نہ کسی قبر کو برابر کیے بغیر اونچا
نہ رہنے دینا) اس حدیث کو مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی
بہت سے دلائل ہیں۔
اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد، آپکی آل، اور صحابہ
کرام پر رحمتیں، اور سلامتی نازل فرمائے" انتہی
دائمی کمیٹی برائے فتوی وعلمی تحقیقات

شیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز، شیخ عبد الرزاق عفیفی، شیخ عبد اللہ بن قعود

.